ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

# جرائم کیخلاف سال 2018ء اور سال 2019ء پر مشتمل موازنہ رپورٹ۔

کراچی 15 مئی 2019ء:۔

صوبے بھر میں جرائم کیخلاف پولیس کریک ڈاؤن، چھاپوں، اسنیپ چیکنگ، پیٹرولنگ اور پکٹنگ کے دوران رواں سال 15 مئی تک 447 پولیس مقابلے ہوئے۔

سال 2018ء میں یکم جنوری تا 15 مئی 360 پولیس مقابلے ہوئے۔ ترجمان سندھ پولیس

رواں سال مورخہ 15 مئی تک گرفتار اشتہاری ملزمان کی تعداد 3669 جبکہ سال 2018ء میں گرفتار ایسے ملزمان تعداد 3256 تھی۔
ترجمان سندھ پولیس

رواں سال یکم جنوری تا 15 مئی گرفتار ملزمان سے 59 اسٹین گنز/کلاشنکوف، 2845 پستول، 94 ریوالور، 17 کاربائنز، 133 ہینڈ گرنیڈز برآمد ہوئے۔ ترجمان سندھ پولیس

سال 2018ء کے آغاز تا 15 مئی گرفتار ملزمان سے 53 اسٹین گنز/کلاشنکوف، 2585 پستول، 71 ریوالور، 14 کاربائنز، 97 ہینڈ گرنیڈز برآمد ہوئے۔ ترجمان سندھ پولیس

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

# آئی جی سندھ کا ایک اور بڑا اقدام۔

## اب حاضر سروس ملازمین کے بچوں کو بھی معروف اور معیاری اسکولز، کالجز، جامعات میں تعلیم کے مواقع دیئے جائینگے۔

## ماہانہ فیسوں میں پچاس فیصد تک رعایت دی جائیگی۔

کراچی 15 مئی 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے شہدائے پولیس اور حاضر سروس ملازمین کے بچوں کو شہر کے معروف اور معیاری اسکولوں سے تعلیم کی فراہمی جیسے عمدہ اقدامات اُٹھانے اور اس ضمن میں تمام رنجیدہ کاشوں کو یقینی بناتے ہوئے باقاعدہ مفاہمتی یاداشت پر دستخط جیسے امور پر اے آئی جی ویلفیئر سندھ ڈاکٹر رضوان احمد کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ دنیا تعلیم کے میدانوں اور اس سے وابستہ دیگر شعبہ جات میں ترقی کی منازل طے کر کے آئندہ آنیوالی نسلوں کا مستقبل روشن اور محفوظ بنانے کی تگ و دو میں مصروف عمل ہے ۔ہمیں بھی من حیث القوم اپنے بچوں کو اچھی اور معیاری تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کی جد وجہد کو عملاً کامیاب اور کامران بنانا ہوگا کیونکہ یہی وہ بچے ہیں جو آگے چل کر اس ملک اور معاشرے کی ناصرف ترقی وخوشحالی کا سبب بنیں گے بلکہ اپنے خاندانوں کی بہترین کفالت کا بھی ذریعہ ہونگے ہمیں قلم کو ایک طاقت بنا کر اپنی آنیوالی نسلوں کو زندگی کے ہر میدان میں ناقابل شکست اور بلند حوصلوں سے آراستہ ایک قوم بنانا ہوگا۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب کے دوران شہر کے معروف اسکولوں کے مالکان/نمائندگان اور اے آئی جی ویلفیئر سندھ ڈاکٹر رضوان احمد کے مابین مفاہمتی یاداشت پر باقاعدہ دستخط کیئے گئے جسکا مقصد ان تمام اسکولوں سے شہدائے پولیس کے بچوں کو مختص کوٹہ اور تعداد کے مطابق مفت تعلیم جبکہ حاضر سروس ملازمین کے بچوں کو رعایتی فیسوں پر معیاری اور بہتر تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔

مفاہمتی یاداشت کی تفصیل کیمطابق دی ایجوکیٹر اسکول شہدائے پولیس کے 200 بچوں کو مفت جبکہ حاضر سروس ملازمین کے 200 بچوں کو پچاس فیصد رعایتی فیس، اسی طرح الائیڈ اسکول 38 بچوں کو مفت جبکہ 76 بچوں سے 75 فیصد رعایتی فیس، عزیز ملت اسکول 12 بچوں کو مفت جبکہ 24 کو پچاس فیصد رعایتی فیس، مریم اسکول اور کریسینٹ گروپ آف پبلک اسکول میں شہدائے پولیس کے تمام بچوں کو مفت جبکہ حاضر سروس ملازمین کے تمام بچوں کو پچاس فیصد رعایتی فیس پر تعلیم فراہم کرینگے علاوہ ازیں سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی میں شہید اور حاضر سروس ملازمین کے بچوں کے لیئے دو دو سیٹیں رکھی گئیں ہیں ۔جسکے تحت مفت اور پچاس فیصد رعایتی فیس پر تعلیم دی جائیگی۔

اس موقع پر اے آئی جی ویلفیئر سندھ نے کہا کہ مفاہمتی یاداشت کے اس سلسلے کو پولیس کی دیگر رینج/ڈسٹرکٹس تک بھی وسعت دی جائیگی تاکہ شہید اور حاضر سروس ملازمین کے بچوں کو بہتر اور معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے ۔سندھ پولیس کے ساتھ مفاہمتی یاداشت پر دستخط دی ایجوکیٹر کے ملک عامر، الائیڈ اسکول کے نوید شمس، عزیز ملت اسکول کے محمد نور، مریم اسکول کے محمد انور چشتی، کریسینٹ گروپ آف اسکوم کے ملک عبدالغفور اور سرسید یونیورسٹی کے مالک/نمائندہ انجینئر سید سرفراز علی شاہ نے کیئے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

# پریس ریلیز

کراچی 14 مئی 2019ء:۔

میرپورخاص میں خاتون پولیس اہلکار کو دوران فرائض مبینہ طور پر ہراساں کیئے جانیکے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی میرپورخاص سے تفصیلی انکوائری سمیت تمام تر ضروری محکمانہ اقدامات پر مشتمل رپورٹ فی الفور طلب کر لی ہے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

# شہدائے پولیس کی بیواؤں کو عیدی کی مد میں (76,30,000) روپے کی ادائیگی کی گئی۔

## (اے آئی جی ویلفیئر سندھ)

کراچی 11 مئی 2019ء:۔

رمضان المبارک کے مقدس مہینے اور عید الفطر کی آمد کے پیش نظر سندھ پولیس ویلفیئر برانچ کیجانب سے شہدائے پولیس کی بیواؤں کو چھیئتر لاکھ تیس ہزار (76,30,000) روپے پر مشتمل رقم ذریعہ چیک ادا کردی گئی ہیں۔یہ بات آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کو اے آئی جی ویلفیئر سندھ نے ایک رپورٹ میں بتائی۔

ڈاکٹر محمد رضوان احمد نے رپورٹ میں بتایا کہ سندھ پولیس کے 1526 شہداء کی بیواؤں کو فی کس پانچ ہزار روپے کے حساب سے مجموعی طور پر 76,30,000 پر مشتمل رقم بطور عیدی ذریعہ چیکس ادا کردی گئی ہے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ شہدائے پولیس کے ورثاء کی فلاح و بہبود اور انکی مالی معاونت محکمہ پولیس سندھ کی ذمہ داری ہے۔خوشیوں کے ہر لمحے اور گھڑی میں سندھ پولیس انکے ساتھ تھی، ہے اور رہیگی۔شہدائے پولیس ہمارے وہ ہیروز ہیں کہ جنہوں نے فرض کی راہ میں اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ دیکر تاریخ میں خود کو ہمیشہ کے لیئے امر کردیا ہے۔آج وہ ہم میں نہیں تاہم انکی جرأت، بہادری اور دلیرانہ فیصلے ہم سب کے لیئے مثال بن گئے ہیں جنہیں بھلانا یا فراموش کردینا ناممکن ہے۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

# 09پولیس انسپکٹرز کی ڈی ایس پی رینک پر ترقی۔

کراچی 10 مئی 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے سینٹرل پولیس آفس میں منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب کے دوران سندھ پولیس کے 09پولیس انسپکٹرز کوڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی کے باقاعدہ رینک لگائے۔اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی اسٹیبلشمنٹ اینڈ ٹریننگ سندھ آفتاب پٹھان کے علاوہ ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ،ڈی آئی جی آپریشن ،اے آئی جی آپریشنز سندھ اور اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ بھی موجود تھے۔

ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی پانیوالے انسپکٹرز میں چار کراچی رینج،تین لیگل برانچ جبکہ دو فارنزک ڈویژن سندھ پولیس سے منسلک ہیں۔

آئی جی سندھ نے ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی پانیوالے افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مجھے قوی امید ہے کہ آپ اپنی صلاحیتوں اور تجربوں کی بدولت ناصرف پولیسنگ کے عمل کو عین مفاد عامہ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرینگے بلکہ پولیس کی جرائم کیخلاف کارکردگی کو مزید ٹھوس اور مربوط بھی بنائیں گے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔